**17.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ابوجہ میں، نائیجیریا کے صدر بولا احمد تنوبو سے بات چیت کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، نائیجیریا کے ساتھ دفاعی شراکت داری کو اعلیٰ ترجیح دیتا ہے۔

2۔ نائیجیریا نے وزیر اعظم نریندر مودی کو، Grand Commander of the Order of the Niger کے خطاب سے نوازا۔

3۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے سینئر حکام کے ساتھ، منی پور میں سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔

4۔ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم کا اب صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے۔ سیاسی پارٹیاں ووٹروں کو راغب کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔

5۔ پورے دلّی NCR میں آلودگی پر قابو پانے کیلئے کل سے سخت تر اقدام کے تحت GRAP چار مرحلہ نافذ کردیا گیا ہے، کیونکہ لگاتار پانچویں دن بھی ہوا کی کوالٹی شدید زمرے میں ہے۔

6۔ اور خواتین کی ایشین ہائی چمپئنز ٹرافی میں بھارت نے بہار کے راجگیر شہر میں فائنل گروپ مرحلے میں جاپان کو تین-صفر سے ہرا کر، سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM THREE NATION VISIT***

وزیراعظم نریندرمودی اور نائیجیریا کے صدر Bola Ahmad Tinubu نے آج ابوجا کے صدارتی وِلا میں بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے دونوں ملکوں کے درمیان اہم نوعیت کی ساجھیداری کا جائزہ لیا اور دوطرفہ تعلقات میں اضافے کے مزید طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم مودی نے بات چیت کو سودمند قرار دیا۔ اس میٹنگ کے بعد وفد کی سطح کی بات چیت ہوئی جس میں وزیراعظم مودی نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت نائیجیریا کے ساتھ اہم نوعیت کی اپنے ساجھے داری کو اعلی فوقیت دیتا ہے۔

S/B PM MODI STRATAGIC PARTNERSHIP

جناب مودی نے اس بات کا ذکر کیا کہ بھارت کا کوئی وزیراعظم 17 سال کے بعد نائیجیریا کا دورہ کر رہا

ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت، نائیجریا کے سیلاب سے متاثرہ لوگوں کو امداد پہنچانے کی غرض سے 20 ٹن سازوسامان وہا بھیج رہا ہے۔

S/B PM MODI NAIGERIA AID

انہوں نے برکس میں ایک ساجھے دار ملک بننے پر نائیجیریا کو مبارکباد دی۔ بات چیت کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان ثقافتی تبادلے کے پروگرام، کسٹمس اشتراک اور سروے اشتراک سے متعلق مفاہمت کے تین اقرارناموں پر دستخط کئے گئے۔ اس کے بعد نائیجریا کے صدر نے وزیراعظم کے اعزاز میں ایک سرکاری ضیافت کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم مودی کو نائیجریا نے Grand Commander of the order of the Niger ایوارڈ سے نوازا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وہ نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ یہ اعزاز قبول کرتے ہیں اور اسے انہوں نے بھارت کے عوام کو منسوب کیا۔

S/B PM ACCEPTANCE

وزیراعظم مودی نے نائیجریا میں مقیم بھارتی برداری کے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی برادری نے نائیجریا کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

S/B PM INDIAN DIASPORA

جناب مودی نائیجریا کے دو روزہ دورے پر کل رات ابوجہ پہنچے ہیں۔

وزیراعظم نائیجریا سے دو دن کے دورے پر برازیل کے شہر Rio De Janeirio جائیں گے جہاں وہ جی-20 سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب کے دوران وزیراعظم مودی مختلف عالمی امور پر بھارت کا موقف پیش کریں گے۔تیسرے اور آخری مرحلے میں جناب مودی 19 سے 21 نومبر تک گیانا کا سرکاری دورہ کریں گے۔ X

## ***Shah Manipur***

وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دلّی میں سینئر حکام کے ساتھ ایک میٹنگ میں،منی پور کی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ذرائع کے مطابق وہ کل اِس معاملے پر ایک اور تفصیلی میٹنگ کریں گے۔

کل وزارت داخلہ نے بتایا کہ حفاظتی دستوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ منی پور میں امن وقانون کی بحالی کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ ریاست میں سکیورٹی صورتحال، پچھلے کچھ دن سے نازک ہے۔وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تنازعہ میں شامل دونوں گروپوں کے مسلح شرپسند، تشدد میں ملوث رہے ہیں، جس کی وجہ سے جانیں ضائع ہوئی ہیں اورنظم وضبط میں رکاوٹ آئی ہے۔ وزارت نے کہا کہ تشدد یا رخنہ اندازی کی سرگرمیوں میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔x

## ***Manipur Biren Singh***

نیشنل پیپلز پارٹی NPP نے، این برین سنگھ کی قیادت والی منی پور سرکار سے حمایت واپس لے لی ہے۔ NPP کے قومی صدر کونراڈ- کے- سنگما نے، BJP صدر جگت پرکاش نڈّا کو، NPP کے اِس فیصلے سے آگاہ کیا۔

NPP کے پاس گیارھویں منی پور قانون ساز اسمبلی میں سات ارکان ہیں اور وہ منی پور میں BJP کی قیادت والی سرکار کی حمایت کرتی ہے۔ BJP کے پاس 32 ارکان اسمبلی ہیں۔ فی الحال این برین سنگھ کی قیادت والی سرکار کو NPF، جے ڈی یو اور آزاد ارکان اسمبلی کی حمایت حاصل ہے۔کونراڈ کے سنگما کی طرف سے لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ NPP کو،منی پور میں امن وقانون کی صورتحال پر تشویش ہے اور پچھلے کچھ دنوں میں، صورتحال اور بھی خراب ہوگئی ہے کیونکہ یہاں مزید جانیں ضائع ہوئی ہیں۔x

## CAMPAIGNING MAHA N JHARKHAND

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کی پولنگ کے لئے چناؤ مہم ختم ہونے میں اب جبکہ محض ایک دن باقی بچا ہے، مختلف سیاسی جماعتوں کے اعلیٰ رہنما ووٹروں کا دل جیتنے کیلئے بھرپور کوششیں کررہے ہیں۔ اِن دونوں ریاستوں میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مہاراشٹر میں 288 سیٹوں کیلئے چار ہزار 136 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ چناؤ مہم میں حصہ لینے والے رہنماؤں میں وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، مرکزی وزراء نتین گڈکری اور شیوراج سنگھ چوہان، کانگریس رہنما پرینکا گاندھی ، آندھرا پردیش کے نائب وزیراعلیٰ پون کلیان، بی ایس پی کی سربراہ مایاوتی وغیرہ شامل ہیں۔ دُھولے میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ شندے نے کہا کہ مہاراشٹر میں ڈبل انجن کی سرکار ریاست کو ہمہ جہت ترقی کے راستے پر لے جارہی ہے۔

پرینکا گاندھی نے اپنی پارٹی کے امیدوار کے لئے ناگپور میں Mahal علاقے میں ایک روڈ شو کیا۔

اس سے پہلے گڈچرولی میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے نہ بڑھانے اور ذات پر مبنی مردم شماری کی منظوری نہ دینے کیلئے وزیراعظم نریندرمودی کی نکتہ چینی کی۔

کانگریس کے قومی صدر ملکا ارجن کھڑگے نے ناگپور میں Umred کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ NCP SP کے سربراہ شردپوار نے شولاپور میں ایک ریلی کی جبکہ شیوسینا UBT کے سربراہ نے ستارہ کے Patan میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ ناسک میں سَٹانا کے مقام پر ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ این ڈی اے سرکار نے گزشتہ دس برس میں سماج کے مختلف طبقوں کی فلاح وبہبود کیلئے مختلف نئی اسکیمیں اور پروگرام نافذ کئے ہیں۔ بی جے پی کے سینئر رہنما اور نائب وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس نے ناگپور میں ایک بڑا روڈ شو کیا۔

اُدھر جھارکھنڈ میں بھی مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کی بھرپور کوششیں کررہے ہیں۔ چناؤ مہم کل شام ختم ہوجائے گی۔ ریاست میں دوسرے اور آخری مرحلے کے چناؤ میں 38 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نے بُوکارو اور دھنباد میں چناؤ جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے رہنما اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین پر بڑے پیمانے پر بدعنوانی اور بدنظمی کا الزام لگایا۔

S/B JP NADDA

ہیمنتا بسوا سرما اور چمپئی سورین سمیت بی جے پی کے کئی دیگر رہنما بھی این ڈی اے کے امیدواروں کی

حمایت میں چناؤ جلسوں سے خطاب کررہے ہیں۔ دوسری جانب جے ایم ایم کے سینئر رہنما اور وزیراعلی ہیمنت سورین نے دُمکا میں ایک چناؤ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ اُن کے خلاف مرکزی ایجنسیوں کا بیجا استعمال کررہی ہے۔

S/B HEMANT SOREN

کانگریس، آرجے ڈی، اے جے ایس یو پارٹی اور بائیں بازوں کی پارٹیوں کے رہنما بھی جھارکھنڈ کے مختلف حصوں میں ریلیاں اور روڈ شو کررہے ہیں۔ 15 اسمبلی حلقوں میں ضمنی چناؤ کیلئے بھی چناؤ مہم زور وشور سے جاری ہے۔ اِن میں اترپردیش میں 9 سیٹیں، پنجاب میں چار اور کیرالہ اور اتراکھنڈ میں ایک ایک سیٹ شامل ہیں۔ مہاراشٹر کے ناندیڑ پارلیمانی حلقے میں بھی 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر اسمبلی اور ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ہوگی۔ X

## Delhi Weather AQI

دلّی NCR میں ہوا کی کوالٹی، شدید زمرے میں رہنے کے پیش نظر کل صبح آٹھ بجے سے GRAP چار نافذ ہوجائے گا۔ GRAP چار کے تحت دیگر ریاستوں سے آنے والی بڑی گاڑیوں کا داخلہ، دلّی میں نہیں ہوسکے گا۔ البتہ لازمی سامان لے جانے والے اور لازمی خدمات فراہم کرنے والے ٹرکوں کو دلّی میں آنے کی اجازت ہوگی۔CNG الیکٹرک اور BS-VI والے ڈیزل ٹرکوں کو، دلّی میں داخل ہونے کی اجازت ہوگی۔ یہ فیصلہ قومی راجدھانی خطے اور متصل علاقوں میں ہوا کی کوالٹی کے بندوبست کے کمیشن کی میٹنگ میں کیا گیا۔ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ دلّی میں ہوا کی کوالٹی کا انڈیکس AQI آج شام چھ بجے 452 ریکارڈ کیا گیا۔آلودگی پر قابو پانے والی مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے زیادہ تر علاقوں میں AQI، 450 سے تجاوز کرگیا ہے۔x

## Chennai Giriraj

کپڑے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے، کپڑا بنانے والی صنعت کو ایک رفتار فراہم کرنے کیلئے Vision Next پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ آج چنئی میں فیشن ٹیکنالوجی کے قومی ادارے میں ایک جائزہ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھارت میں ٹیکسٹائل ڈیزائننگ کی صنعت ترقی کرکے 176 ارب ڈالر مالیت کی ہوگئی ہے۔وزیر موصوف نے بتایا کہ 2030 میں یہ صنعت 350 ارب ڈالر مالیت کی ہوجائے گی۔ انھوں نے کہا کہ کپڑے کی صنعت میں فی الحال چار کروڑ 60 لاکھ ملازمین ہیں۔ اور امید ہے کہ 2030 تک یہ تعداد بڑھ کر 6 کروڑ ہوجائے گی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ دیگر ملکوں میں ڈیزائنرس کو ڈھونڈا جائے کیونکہ بھارت میں اُس سے زیادہ صلاحیتیں موجود ہیں۔x

## SL Wearing In Ceremony

سری لنکا میں نئی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب کل صدارتی سکریٹریٹ میں، صدر انورا کمارا دِسّانائیکے کی

موجودگی میں منعقد ہوگی۔ مقامی خبروں کے مطابق صدر نے 23 ارکان پر مبنی کابینہ کا تقرر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس کے تحت دفاع اور خزانے کے اہم محکمے اُن کی ہی قیادت میں رہیں گے۔ امید ہے کہ وزیر اعظم کے طور پر ڈاکٹر ہرینی Amarasuriya کو ایک بار پھر وزیر اعظم بنایا جائے گا جبکہ Vijitha Herath وزیر خارجہ ہی رہیں گے۔x

## Russian Attack

یوکرین میں، روس نے بڑے پیمانے پر فضائی حملے کئے ہیں جن میں پورے ملک کے، توانائی سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا ہے، جس سے وسیع پیمانے پر نقصان ہوا ہے۔ یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے کہا کہ یوکرین کے سبھی خطوں پر بڑے پیمانے پر کئے گئے اِس حملے کے دوران 120 میزائل اور 90 ڈرون داغے گئے۔ ملک کی توانائی کی سب سے بڑی پرائیویٹ کمپنی نے کہا ہے کہ اِن حملوں کے سبب اُس کے حرارتی توانائی پلانٹس کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔x

## Jalandhar Lala lajpat Rai

ملک، آج لالہ لاجپت رائے کو، اُن کی 96 ویں برسی پر یاد کر رہا ہے، جنھیں پنجاب کیسری کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ اُن کی موت ایک برطانوی پولیس کے ہاتھوں اُن کے سر پر ڈنڈا مارکر زخمی کئے جانے سے ہوئی تھی جب وہ سائمن کمیشن کے خلاف، ایک پُرامن مظاہرے کی قیادت کر رہے تھے۔ وہ لال بال پال شخصیتوں میں سے ایک تھے جنھوں نے بھارت کی جدوجہد آزادی میں اہم رول ادا کیا تھا۔ یہ شخصیتیں تھیں، لالہ لاجپت رائے، بال گنگا دھر تِلک اور بپن چندر پال۔پنجاب کے موگا ضلعے میں اُن کے آبائی گاؤں Dhudikey میں اُنھیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پنجاب کے کابینہ وزیر ہرپال سنگھ چیما اور دیگر شخصیتوں نے شہید لالہ لاجپت رائے کو خراج عقیدت پیش کیا۔x

## Hockey

خواتین کی ایشیائی چیمپئز ٹرافی میں آج بہار کے راج گیر شہر میں بھارت نے جاپان کو تین - صفر سے ہرا دیا۔ اِس طرح اُس نے گروپ مرحلے میں سرفہرست مقام حاصل کرلیا ہے۔ اور ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔بھارت نے اپنے چاروں میچوں میں کامیابی حاصل کی تھی اُس نے چین کو تین-صفر سے ہرایا تھا۔دیگر میچوں میں چین نے، جنوبی کوریا کو دو-صفر سے جبکہ ملیشیا نے تھائی لینڈ کو اتنے ہی اسکور سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆